ملفوظات
مولانا احمد رضا خان بریلوی رحمۃ اللہ علیہ

کنزالایمان ۔ فتاویٰ رضویہ ۔ احکام شریعت ۔ حدائق بخشش ۔ الامن والعلیٰ ۔
شمع شبستانِ رضا جیسی شاہکار کتابوں کے مصنف
مولانا احمد رضا خان بریلوی رحمتہ اللہ علیہ کی شاہکار تصنیف

مولانا احمد رضا خان بریلوی رحمتہ اللہ علیہ

ناشران
بک کارنر پرنٹرز پبلشرز مین بازار جہلم
فون نمبر دوکان: 624306 فون نمبر رہائش: 614977
ای میل: Bookcornerjm@yahoo.co.in

نام کتاب	....	ملفوظات
مصنف	....	مولانا احمد رضا خان بریلویؒ
سرورق	....	امر شاہد
مطبع	....	فرینڈز پرنٹرز، جہلم
ہدیہ	....	-/[illegible] روپے

ملنے کا پتہ

کتب خانہ شانِ اسلام، اُردو بازار لاہور

مکتبہ رحمانیہ، اقراء سنٹر اُردو بازار لاہور

شبیر برادرز، اُردو بازار لاہور

علم و عرفان پبلشرز، اُردو بازار لاہور

خزینہ علم و اَدب، اُردو بازار لاہور

رحمٰن بک ہاؤس، اُردو بازار کراچی

ضیاء الدین پبلی کیشنز، نزد شہید مسجد کھارادر کراچی

ادارۃ الانور، جامعۃ العلوم الاسلامیہ علامہ بنوری ٹاؤن کراچی

مکتبہ خدیجۃ الکبریٰ، شاہ زیب ٹیرس (کتاب مارکیٹ) اُردو بازار کراچی

برتن میں ڈال دیتے۔ اس وقت تو پانی افراط سے ہے، اس ایک گھونٹ پانی کی قدر نہیں، جنگل میں جہاں پانی نہ ہو وہاں اس کی قدر معلوم ہو سکتی ہے۔ اگر ایک گھونٹ پانی مل جائے تو ایک انسان کی جان بچ جائے۔ حضرت خلیفہ ہارون رشید رحمۃ اللہ تعالٰی علیہ علماء دوست تھے۔ دربار میں علماء کا مجمع ہر وقت لگا رہتا تھا، ایک مرتبہ پانی پینے کے واسطے منگایا۔ منہ تک لے گئے تھے پینا چاہتے تھے کہ ایک عالم صاحب نے فرمایا: امیر المومنین ٹھہریئے ذرا میں ایک بات پوچھنا چاہتا ہوں، فوراً خلیفہ نے ہاتھ روک لیا۔ انہوں نے فرمایا: اگر آپ جنگل میں ہوں اور پانی میسر نہ ہو اور پیاس کی شدت ہو تو اتنا پانی کس قدر قیمت دے کر خرید یں گے فرمایا واللہ آدھی سلطنت دے کر، فرمایا: بس پی لیجئے۔ جب خلیفہ نے پی لیا۔ انھوں نے فرمایا اب اگر یہ پانی نکلنا چاہئے اور نہ نکل سکے تو کس قدر قیمت دے کر اس کا نکلنا مول لیں گے۔ کہا: واللہ پوری سلطنت دے کر۔ ارشاد فرمایا: بس آپ کی سلطنت کی یہ حقیقت ہے کہ ایک مرتبہ ایک چلو پانی پر آدھی بک جائے اور دوسری بار پوری اس پر جتنا چاہے تکبر کر لیجئے۔

عرض: سبز جوتا پہننا کیسا ہے۔

ارشاد: جائز ہے۔

عرض: حضور غوث اعظم رضی اللہ تعالٰی عنہ کی شکل مبارک شکل اقدس سے ملتی تھی یا نہیں۔

ارشاد: نہیں۔

عرض: پھر اس شعر کا کیا مطلب ہے۔

نقشۂ شاہِ مدینہ صاف آتا ہے نظر
جب تصور میں جماتے ہیں سراپا غوث کا

ارشاد: اس کے یہ معنی ہیں کہ جمالِ غوث آئینہ ہے جمالِ اقدس کا۔ اس میں وہ شبیہ مبارک دکھائی دے گی (پھر فرمایا) امام حسن رضی اللہ تعالٰی عنہ کی شکل مبارک سر سے سینہ تک حضور اقدس ﷺ سے مشابہ تھی اور امام حسین رضی اللہ تعالٰی عنہ کی سینے سے ناخن پاء تک اور حضرت امام مہدی رضی اللہ تعالٰی عنہ سر سے پاؤں تک حضور اقدس ﷺ سے مشابہ ہوں گے۔ ایک صحابی حضرت عالس بن ربیعہ رضی اللہ تعالٰی عنہ کی شباہت کچھ کچھ سرکار سے ملتی تھی۔ جب وہ تشریف لائے، حضرت امیر